اٹیچمنٹ ا

**– Sheppard Pratt**

**مریض کی مالی معاونت کی پالیسی – سادہ زبان میں خلاصہ**

Sheppard Pratt مریضوں کو اعلیٰ ترین معیار کی نگہداشت اور خدمات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اپنے مریضوں کی مدد کرنے، اور وفاقی اور میری لینڈ ریاست کے قوانین کی تعمیل کرنے کے لیے، Sheppard Pratt اپنی مالی امداد/معاونت کی پالیسی (یا FAP) کے بارے میں درج ذیل معلومات کی پیشکش کرتا ہے۔

**مالی معاونت کے لیے اہلیت**

Sheppard Pratt FAP کے تحت۔ بعض غیر بیمہ شدہ اور ناکافی بیمہ کے حامل مریض ہنگامی اور طبی طور پر ضروری خدمات کے اخراجات کے لیے مالی معاونت حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ بعض خدمات کو خارج کر دیا گیا ہے، بشمول انتخابی خدمات، تعلیمی پروگرام(پروگرامات)، the Retreat، اور Ruxton House، نیزمذکورہ بالا زمروں سے متعلق کوئی بھی ذیلی خدمات شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ، Quaker کی آبادی Sheppard Pratt کی علیحدہ Quaker کی مالی امداد/معاونت کی پالیسی کے تحت علیحدہ اور/یا اضافی امداد کے لیے اہل ہو سکتی ہے۔

FAP کے تحت مالی امداد/معاونت کے اہل مریضوں سے ہنگامی یا طبی طور پر ضروری نگہداشت کے لیے عام طور پر بیمہ شدہ مریضوں کوبل کی جانے والی رقم سے زیادہ وصول نہیں کی جائے گی۔ اہلیت مجموعی خاندانی آمدنی اور مریض اور/یا ذمہ دار شخص کے خاندان کے افراد کی تعداد پر مبنی ہے۔ استعمال شدہ سالانہ آمدنی کا معیار موجودہ وفاقی غربت کے رہنما خطوط کا 300% ہوگا جیسا کہ فیڈرل رجسٹر میں سالانہ قائم کیا گیا ہے۔ اثاثوں اور واجبات کو بھی زیر غور لایا جائے گا۔ طبی معاوضے کے 100% تک مالی امداد/معاونت دی جا سکتی ہے۔

**مالی امداد/معاونت کے لیے درخواست دینا**

مالی امداد/معاونت کے خواہاں مریضوں کو ایک درخواست فارم مکمل کرنا ہوگا اور FAP اور درخواست فارم میں درخواست کردہ معاون دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی۔ FAP اور درخواست فارم کی مفت کاپی درج ذیل میں سے کسی سے بھی دستیاب ہے:

| | |
|---|---|
| • شخصی/ذاتی طور پر: مریض کے اندراج کا کوئی بھی مقام یا دفتر<br>• ویب سائٹ: www.sheppardpratt.org/patient-care-and-services/resources/financial-support/ | • تحریری طور پر: Sheppard Pratt<br>Attn: Financial Assistance<br>849 Fairmount Avenue Towson MD 21286-2624<br>• فون: (410) 938-3370 (مقامی)<br>(800) 264-0949 (ٹول فری)<br>پیر سے جمعہ، صبح 8:00 بجے سے دوپہر 3:00 بجے تک) |

درخواست فارم میں مدد کے لیے ملاقات کا وقت طے کرنے کے لیے، مریض اوپر دیے گئے فون نمبر پر Sheppard Pratt کے نمائندے سے رابطہ کر سکتا ہے یا Sheppard Pratt کے کانفرنس سینٹر کا دورہ کر سکتا ہے۔ FAP کے ترجمے، درخواست فارم، اور اس سادہ زبان کا خلاصہ درخواست پر درج ذیل زبان میں دستیاب ہیں: ہسپانوی۔ دوسری زبانوں کے لیے، درخواست پر ترجمے کی مدد/اعانت دستیاب ہو سکتی ہے۔

**مریض کے حقوق**

وہ مریض جو اوپر بیان کردہ مالی امداد/معاونت کی پالیسی کے معیار پر پورا اترتے ہیں وہ اپنے بل کی ادائیگی میں ہسپتال سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کو وصولی ایجنسی کے پاس غلط طور پر بھیجا گیا ہے، تو آپ کو Sheppard Pratt کے بزنس آفس سے 3370-938-410 پر یا 0949-264-800-1 پر ٹول فری رابطہ کرنے کا حق ہے۔

آپ میری لینڈ میڈیکل امداد/معاونت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ طبی امداد/معاونت ایک ایسا پروگرام ہے جسے ریاستی اور وفاقی حکومتوں کی جانب سے مشترکہ طور پر فنڈ کیا جاتا ہے اور یہ کم آمدنی والے افراد کے لیے صحت کی کوریج کی پوری قیمت تک ادا کرتا ہے جو مخصوص معیار پر پورا اترتے ہیں۔ کچھ صورتوں میں، آپ کو Sheppard Pratt کی مالی معاونت کے اہل ہونے سے پہلے اس کوریج کے لیے درخواست دینا پڑ سکتا ہے اور مسترد کر دیا جا سکتا ہے۔

میری لینڈ میڈیکل امداد/معاونت کے لیے درخواست کے عمل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم اپنے مقامی محکمہ سماجی خدمات کو 6347-332-800-1 پر کال یا انٹرنیٹ کے ذریعے رابطہ کریں (www.dhr.state.md.us)۔

**مریض کی ذمہ داریاں**

ادائیگی کرنے کی صلاحیت رکھنے والے مریضوں کے لیے، یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ بروقت ادائیگی کریں۔
Sheppard Pratt یہ دیکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے کہ مریض کے اکاونٹس کا بل درست طریقے سے ادا کیا گیا ہے، اور ہسپتال میں داخل مریضوں کو ڈسچارج/رخصت ہونے کے 30 دنوں کے اندر یکساں سمری اسٹیٹمنٹ ملنے کی توقع ہو سکتی ہے۔ بیمہ کی درست معلومات فراہم کرنا مریض کی ذمہ داری ہے۔

اگر آپ کے پاس صحت کی کوریج نہیں ہے، تو ہم توقع کرتے ہیں کہ آپ بل کی بروقت ادائیگی کریں گے۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ Sheppard Pratt FAP کے تحت اہل ہو سکتے ہیں، یا اگر آپ بل کی مکمل ادائیگی کی استطاعت نہیں ہیں، تو آپ کو ہم سے رابطہ کرنا چاہیے جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے۔

اگر آپ اپنے بل کی مالی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہتے ہیں، تو آپ کو وصولی ایجنسی کے پاس بھیجا جا سکتا ہے۔ یہ مریض کی ذمہ داری/فرض ہے کہ وہ ہسپتال کو درست اور مکمل معلومات کے حصول کو یقینی بنائے۔ اگر آپ کی مالی حالت بدل جاتی ہے، تو یہ آپ کی ذمہ داری/فرض ہے کہ آپ تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے Sheppard Pratt سے رابطہ کریں۔

وہ معالج جو Sheppard Pratt میں مریضوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں، خواہ وہ ہسپتال میں داخل مریض ہو یا بیرونی مریض، الگ سے بل کرتے ہے اور ان کے چارجز آپ کے ہسپتال کے بلنگ اسٹیٹمنٹ میں شامل نہیں ہوتے ہیں۔

تمام مریض غیر ہنگامی خدمات، طریقہ کار، اور سپلائیز کے کل چارجز کے تحریری تخمینے کی درخواست اور وصول کر سکتے ہیں جن کی معقول حد تک توقع کی جاتی ہے کہ یہSheppard Pratt کی جانب سے فراہم اور بل کیا جائے گا۔ قانون کی طرف سے اجازت کی حد تک اور Sheppard Pratt کی پالیسیوں کے مطابق، چارجز میں ہسپتال کی سہولیات، کلینکس، سپلائیز اور آلات، اور غیر معالج خدمات (جیسے نان فزیشن کلینشین) کے بیرونی مریضوں کے استعمال کے لیے سہولت فیس شامل ہو سکتی ہے، لیکن ان تک محدود نہیں ہے۔